© rasailojaraid.com

تھے۔اس کے علاوہ مختلف موضوعات پر ملک بھر سے چھپنے والی کتب پر ''نقد ونظر'' کے عنوان کے تحت تبصرہ بھی فرماتے تھے۔آپ نے علوم قرآن، کتب حدیث ومتعلقات حدیث، کتبِ عقائد، کتب فقہ وفتاویٰ، کتب تصوف واحسان، سیرت انبیاء واصحاب رسول، کتب تاریخ، رسائل وجرائد، ردفرقِ باطلہ اور کئی دیگر موضوعاتی کتب پر تقریباً 335 کتابوں پر تبصرے لکھے۔زیر نظر کتاب آپ کے انہی تبصروں کا مجموعہ ہے۔اہل ذوق اور متعلقین ومنتسبین حضرت جلال پوری شہید رحمۃ اللہ علیہ کے لیے تحفہ خاص ہے۔

## ''نماز میں صف بندی کی اہمیت''

**مولف: مولانا آفتاب احمد حقانی۔صفحات: 226۔طباعت: مناسب، ملنے کا پتا: مکتبہ ابن عباس تخت بھائی مردان۔فون 0336-9559130**

نماز ارکانِ اسلام میں اہم ترین رکن ہے۔اسی اعتبار سے اس کے فضائل ومسائل بھی ہیں۔نماز کے لیے صف بندی بلکہ تسویۃ الصفوف کی خاص تاکید کی گئی ہے۔آج کل مساجد میں فرش پر لائنیں ڈال کر صفوں کو نمایاں کردیا جاتا ہے،مگراس کے باوجود صف بندی میں کوتاہی نظر آتی ہے۔نمازیوں کے درمیان خلا، وسط کی بجائے ایک جانب سے صف بنانا، اوراس طرح کے دیگر مسائل عام ہیں۔مولانا آفتاب احمد حقانی صاحب کی کتاب اس حوالے سے اہمیت کی حامل ہے کہ اس میں صف بندی سے متعلق جملہ فضائل ومسائل آگئے ہیں۔ائمہ مساجد اور خطباء کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے۔اس کتاب کی مدد سے وہ نمازیوں کی بہترین انداز میں رہنمائی کرسکتے ہیں۔

## ''ارشادالمعلمین لتعلیم القرآن الکریم''

**مولف: قاری سید محمد سلیم رحیمی۔صفحات 107۔طباعت: مناسب، مجلد۔ملنے کا پتا: مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ۔فون:0812662263**

قرآن مجید کی تعلیم وتعلم کی خدمت اللہ تعالیٰ کے پاس بہترین ذمہ داری ہے۔خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس خدمت میں مصروف ہیں۔تعلیم قرآن کی خدمت ایک طرف جہاں عظیم الشان رکھتی ہے وہیں اس کے آداب وشرائط بھی ہیں۔مولانا قاری سید محمد سلیم رحیمی صاحب مدظلہم نے اس سلسلے میں حفظ پڑھانے والے اساتذہ کرام کے لیے بہترین اصول وضوابط جمع کردیے ہیں۔اساتذہ حفظ کی خصوصیات، کلاس کا ماحول کیسا ہو؟ طلبہ کا سبق، سبقی، منزل سننے سنانے کے آداب وشرائط، کمزور طلبہ کے ساتھ برتاؤ کیسا ہو، وغیرہ اس کتاب میں کافی کچھ آگیا ہے، درجہ حفظ کے اساتذہ کے لیے ایک راہ نما کتاب ہے۔



© rasailojaraid.com